57 Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



### کلب منیجر آرنے سلوٹ پرسخت تنقید

لیورپول کے مصری اسٹار محمد صلاح نے کلب منیجر آرنے سلوٹ پرسخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں بس کے نیچے پھینک دیا گیا جس کے بعد ان کے اینفیلڈ کیریئر کے اختتام کی قیاس آرائیاں تیز ہوگئی ہیں۔



### جے سوریا کا 16 سالہ ریکارڈ برابر کردیا


جنوبی افریقہ کے تجربہ کار اوپنر کوئنٹن ڈی کاک نے ہفتے کے روز سری لنکا کے لیجنڈری بلے باز سنتھ جے سوریا کے ہندوستان کے خلاف ون ڈے میں سب سے زیادہ سنچریوں کا ریکارڈ برابر کردیا۔

جلد نمبر 57 | Monday 08th December 2025 | ۸ دسمبر ۲۰۲۵ بروز سوموار بمطابق ۱۶ جمادی الثانی ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | No. 337 • Vol: 57 • R.N.I: 17647/69 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net

## سرینگر کے ہوائی اڈے پر دو پروازوں کو اچانک منسوخ کرنے کا اعلان

### فیصلہ کمپنی کی اندرونی تکنیکی اور آپریشنل ایڈجسٹمنٹ کے باعث لیا گیا

سرینگر/ یو این آئی/ انڈیگو ایئرلائنز کی جانب سے جاری آپریشنل رکاوٹوں کے سبب اتوار کے روز سری نگر سے امرتسر جانے والی دو اہم پروازیں اچانک منسوخ کر دی گئیں، جس کے نتیجے میں مسافروں کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ایئرپورٹ حکام کے مطابق انڈیگو کی پرواز 6ای 6165 جو صبح 9:45 بجے روانہ ہونی تھی اور پرواز 6ای 478 جس کی روانگی کا وقت 2:40 دوپہر مقرر تھا، دونوں کو آپریشنل وجوہات کی بنا پر منسوخ کر دیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ یہ فیصلہ کمپنی کی اندرونی تکنیکی اور آپریشنل ایڈجسٹمنٹ کے باعث لیا گیا، جس کا اثر پورے شیڈول پر پڑا ہے۔ اچانک منسوخی کے باعث بڑی تعداد میں مسافروں کو اپنی سفری منصوبہ بندی بدلنی پڑی اور کئی افراد۔بشمول مریضوں، طلباء اور کاروباری مسافروں۔ نے اس صورتحال پر شدید ناراضگی کا اظہار کیا۔ ایئرپورٹ اتھارٹی نے مسافروں سے اپیل/1



## پبلک سروس کمیشن کے اہتمام سے امتحان مقررہ وقت پر شروع اور ختم

### امتحان میں شامل نہ ہونے والے اُمیدواروں کے تئیں اظہار ہمدردی

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر کے مختلف مراکز پر اتوار کے روز ہزاروں امیدوار مقررہ وقت پر امتحان دینے پہنچ گئے، جبکہ عمر کی حد میں رعایت کے تنازع اور پروازوں کی منسوخی کے سبب امتحان کے ملتوی ہونے کی افواہیں گردش کر رہی تھیں۔ امتحان صبح 10 بجے شروع ہوا اور مقررہ وقت پر ختم ہوا، جس سے امیداوروں میں پائی جانے والی غیر یقینی صورتحال کم ہوئی۔ یہ کشیدگی لوک بھون اور منتخب حکومت کے درمیان اس وقت پیدا ہوئی جب حکومت نے امیدواروں کے لیے عمر کی حد میں رعایت کی منظوری میں تاخیر کا الزام لگایا۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین کو خط لکھا اور کہا کہ پروازوں میں خلل کی وجہ سے امیدواروں کے سفر میں مشکلات پیدا ہوئی ہیں، اور لوک بھون کی جانب سے عمر کی رعایت کی منظوری میں تاخیر نے صورتحال کو مزید پیچیدہ کر دیا ہے۔ دوسری جانب،/2

## بارڈر روڈ آرگنائزیشن کے 22 اہم منصوبے جموں و کشمیر کیلئے وقف

### لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا وزیر اعظم مودی اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کو شکریہ

### بنیادی ڈھانچے منصوبے دُور دراز علاقوں تک سال بھر رسائی کو یقینی بنا کر فوجی آواجاہی کو مضبوط کریں گے

جموں/ وزیر دِفاع راج ناتھ سنگھ نے بارڈر روڈز آرگنائزیشن (بی آر او) کے 22 سٹریٹجک اہمیت کے حامل بنیادی ڈھانچے منصوبوں کو جموں و کشمیر یونین ٹیریٹری کے لئے وقف کئے۔ اُنہوں نے اِن منصوبوں کا اِفتتاح لداخ سے بذریعہ ورچیول موڈ کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے لوک بھون جموں سے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ اِفتتاحی تقریب میں شرکت کی۔۔ وی سی کے ذریعے افتتاحی تقریب میں شرکت لیفٹیننٹ گورنر نے وزیر دفاع راج ناگھ سنگھ کا شکریہ اَدا کیا۔ اُنہوں نے سرحدی بنیادی ڈھانچے کو نمایاں طور پر مضبوط بنانے اور سماجی و اِقتصادی ترقی کو یقینی بنانے کے لئے وزیر اعظم نریندر مودی کا بھی تہہ دِل شکریہ اَدا کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''بیکن اور سمپارک کے تحت اِنتہائی پیچیدہ خطوں میں قومی سلامتی کے یہ بنیادی ڈھانچے منصوبے دُور دراز علاقوں تک سال بھر رَسائی کو یقینی بنا کر فوجی



آواجاہی کو مضبوط کریں گے، ہماری بہادر افواج کی فوری ردِعمل کی تیاری کو بڑھائیں گے اور مقامی ترقی میں قابل ذِکر کردار اَدا کریں گے۔''

## ہوائی جہازوں کے ذریعہ سفر مہنگا

### ٹکٹوں کے نرخ بھی ''پرواز'' کرنے لگے

سرینگر/ یو این آئی/ ملک بھر کی طرح وادیٔ کشمیر میں بھی انڈیگو ایئر لائنز کی مسلسل آپریشنل رکاوٹوں نے فضائی سفر کو نہ صرف مشکل بنا دیا ہے بلکہ ٹکٹوں کے نرخ بھی آسمان سے باتیں کرنے لگے ہیں۔ تین روز سے جاری اس بدانتظامی نے مسافروں کی جیبوں پر بھاری بوجھ ڈال دیا ہے، جبکہ اچانک منسوخی اور تاخیر لوگوں کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر رہی ہیں۔ ایئر ٹریول سے وابستہ ماہرین اور ٹریول ایجنٹس کا کہنا ہے کہ انڈیگو کی پروازوں میں بگاڑ کے نتیجے میں نہ صرف وادی بلکہ ملک بھر کے اہم روٹس پر کرایوں میں غیر معمولی اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ خاص طور پر دہلی۔سری نگر، جموں۔سری نگر اور دیگر اہم روٹس پر ٹکٹیں راتوں رات 7 ہزار سے 8 ہزار روپے تک پہنچ گئی ہیں، جبکہ کچھ مقامات پر اس سے بھی زیادہ وصول کیے جا رہے ہیں۔ ٹریول ایجنٹ رفیق احمد نے یو این آئی کو بتایا کہ دہلی اور جموں روٹ پر کرایہ عام دنوں میں 2,500 سے 3,500 روپے ہوتا تھا، لیکن آج یہ یکدم بڑھ کر 4,000 سے 6,000 روپے تک جا پہنچا ہے۔/11

## آپریشن سندور کے دوران ہماری افواج مزید کارروائی کر سکتی تھیں

### ''مگر انہوں نے جان بوجھ کر'' محدود اور محتاط ردعمل اختیار کیا/ وزیر دفاع

سرینگر/ یو پی آئی/ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے اتوار کو کہا کہ پاہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد مئی میں انجام دی گئی آپریشن سندور کے دوران ہماری مسلح افواج ''مزید کارروائی کر سکتی تھیں'' مگر انہوں نے جان بوجھ کر ''محدود اور محتاط ردعمل'' اختیار کیا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ اس آپریشن نے بھارتی فورسز کی صلاحیت اور ڈسپلن دونوں کو اجاگر کیا، جنہوں نے خطرات کو مؤثر طریقے سے ختم کیا بغیر کسی غیر ضروری تصادم کے۔ راج ناتھ سنگھ نے بتایا کہ آپریشن سندور کے دوران افواج، شہری انتظامیہ اور سرحدی علاقوں کے عوام کے درمیان شاندار ہم آہنگی دیکھنے کو ملی۔ انہوں نے لاڈاخ اور سرحدی علاقوں کے ہر شہری کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے افواج کی حمایت کی۔ وزیر دفاع نے کہا، ''یہ ہم آہنگی ہماری پہچان کو مزید مضبوط کرتی ہے اور یہی باہمی تعلق ہمیں دنیا میں منفرد شناخت دیتا ہے۔'' آپریشن سندور 7 مئی کو پاکستانی/3

## جنگل میں لگی آگ کے دوران فارسٹ گارڈ زخمی ہوکر جان بحق

### مرنے والے کی شناخت گل محمد شاہ کے طور پر کی گئی ہے

سرینگر/ کے این ایس/ جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع کے کپران کے کھدر علاقے میں اتوار کو جنگل میں لگی آگ بجھانے کی کوشش کے دوران ایک فارسٹ گارڈ کی موت ہوگئی۔ اس دوران جب اہلکار کے ہلاکت کی خبر علاقے میں پہنچ گئی تو یہاں کہرام مچ گیا ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں اتوار کے روز جنگلات کے ایک کمپارٹمنٹ آگ ظاہر ہوئی ہے اس دوران محکمہ جنگلات کے ملازمین آگ بجھانے کے کام میں لگ گئے اس جس دوران محکمہ جنگلات کا ایک ملازم آگ بجھانے کے دوران ہی زمین پر گر پڑا اس دوران اگر چہ انہیں نزدیکی سپتال منتقل کیا گیا ہے تاہم ڈاکٹروں نے اسے مردہ/4

## نقلی احکامات کی فراہمی کے الزام پر دو افراد کے خلاف چارج شیٹ

### جموں و کشمیر بینک میں نوکریوں کا وعدہ کر کے متاثرین کو دھوکہ دیا/ کرائم برانچ

سرینگر/ یو این آئی/ کرائم برانچ کشمیر (سی بی کے) کی اقتصادی جرائم ونگ نے ایک ہائی پروفائل بینک نوکری گھوٹالے میں دو افراد کے خلاف چارج شیٹ دائر کی ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اقتصادی جرائم ونگ نے ایک ہائی پروفائل بینک نوکری گھوٹالے میں دو افراد کے خلاف چاج شیٹ دائر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ چارج شیٹ رنبیر پینل کوڈ (آر پی سی) کی دفعہ 420، 468، 471، اور 120-بی کے تحت ایف آئی آر نمبر 50/2023 میں پسنجر ٹیکس سب رجسٹرار سری نگر میں جمع کرائی گئی۔ بیان کے مطابق ملزموں کی شناخت محمد اشرف شیخ ساکن پہلو کولگام اور اعجاز الرحمان منرو ساکن بلبل باغ برزلہ سری نگر کے طور پر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقدمہ ایک تحریری شکایت سے شروع ہوا ہے جس میں الزام لگایا گیا ہے کہ ملزم نے جموں و کشمیر بینک میں نوکریوں کا وعدہ کر کے متاثرین کو دھوکہ دیا اور اس عمل میں بھاری رقم اکٹھی کی۔ ان کا کہنا ہے کہ ونگ کی تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی کہ ملزموں نے شکایت کنندگان کو جعلی تقرری کے احکامات فراہم کیے۔ موصوف ترجمان نے بتایا کہ تفتیش،/10

## نگین سرینگر میں دیکھے گئے ریچھ کو پکڑ کر محفوظ جگہ لیجایا گیا

### تاہم سرینگر کے کچھ اور علاقوں میں ایک اور ریچھ کی ''پرچھائیاں''

سرینگر/ اے پی آئی/ گرمائی دارالخلافہ سرینگر کے کئی علاقوں میں خوف ودہشت پھیلانے والے ریچھ کو نگین کے علاقوں میں وائلڈ لائف محکمہ نے پکڑ کر محفوظ مقام پر پہنچا دیا تاہم محکمہ کے مطابق ایک اور ریچھ ابھی بھی سرینگر میں گھوم رہا ہے لوگوں کو صبح وشام احتیاط برتنے کی تلقین۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق پچھلے کئی دنوں سے نگین، لال بازار، صورہ احمد نگر، بژھ پورہ علاقوں میں ریچھ کو گھومتے ہوئے دیکھا گیا اور گیارہ دنوں کے عرصے کے بعد وائلڈ لائف نے نگین جھیل کے قریب ایک نصب کیا جسکے دوران ریچھ اس میں پھنس گیا ریچھ کو بے ہوش کر کے وائلڈ لائف محکمہ کے اہلکاروں نے محفوظ مقام پر پہنچا دیا تاہم وائلڈ لائف محکمہ کے مطابق سرینگر کے کئی علاقوں میں ایک اور ریچھ موجود ہے۔

## نٹی پورہ سرینگر میں ایک کروڑ مالیت کا رہائشی مکان ضبط

### مالک پر غیر قانونی منشیات کی تجارت سے مکان بنانے کا الزام

سرینگر/ یو این آئی/ منشیات کے ناسور کے خلاف کریک ڈاؤن کو جاری رکھتے ہوئے سری نگر پولیس نے ایک کروڑ روپے مالیت کی غیر منقولہ جائیداد کو این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ضبط کر دیا۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ سری نگر پولیس نے ایک دومنزلہ رہائشی مکان جس کی لاگت تقریباً ایک کروڑ روپیہ ہے، کو این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت منسلک کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ نٹی پورہ میں واقع یہ جائیداد جاوید احمد گنائی ولد نذیر احمد گنائی ساکن آستان محلہ نٹی پورہ کے نام درج ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ملزم ایک عادی منشیات فروش ہے اور پولیس اسٹیشن چھانہ پورہ میں درج این ڈی پی ایس ایکٹ کے متعلقہ دفعات کے تحت ایف آئی آر نمبر 23/2025 میں ملوث ہے۔ موصوف ترجمان نے بتایا کہ تفتیش کے دوران، یہ حتمی طور پر ثابت ہوا کہ جائیداد غیر قانونی منشیات کی تجارت سے حاصل کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ان نتائج کی بنیاد پر، مجاز اتھارٹی نے این ڈی پی ایس ایکٹ کے سیکشن 68- ایف کے تحت مذکورہ جائیداد کو منسلک کرنے کا حکم دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ ضبطگی کو ایگزیکٹو مجسٹریٹ فرسٹ کلاس، چھانہ پورہ کی موجودگی میں قانونی تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے عمل میں لایا گیا۔

## فوجی سربراہ دیویدی کا لداخ میں فائر اینڈ فیوری کور کا دورہ

### ناقابل تسخیر جذبے اور اعلیٰ سطحی آپریشنل تیاریوں کے لیے فوج کی تعریف



سرینگر/ یو این آئی/ فوج کے سربراہ جنرل اوپندرا دیویدی نے لداخ میں فائر اینڈ فیوری کور کا دورہ کر کے تازہ سیکورٹی صورتحال اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران فوج کے سربراہ کو کور کی جانب سے قومی سلامتی کو مضبوط بنانے اور قوم کی تعمیر کی کوششوں میں حصہ ڈالنے کے لیے کیے گئے مختلف اقدامات کے بارے میں بتایا گیا۔ ایک دفاعی ترجمان نے بتایا کہ اس دورے کے دوران جنرل دیویدی نے کور کو ان کی ثابت قدمی، ناقابل تسخیر جذبے اور اعلیٰ سطحی آپریشنل تیاریوں کے لیے سراہا۔/7

## چک باؤنس ہونے پر ملزم کو دو سال قید کی سزا سنائی گئی

### علاوہ اس کے 56 لاکھ روپے جرمانہ، کپوارہ کی عدالت کا فیصلہ

سرینگر/ اے پی آئی/ سرحدی ضلع کپوارہ میں چک باؤنس ہونے کے الزام میں چیف جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے ملزم پر فرد جرم عاید کرتے ہوئے اسے قید اور جرمانے کی سزا سنائی۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق بُرے کام کا برا نتیجہ ہونے کے مصداق سرحدی ضلع کپوارہ میں ایک خاتون طاہرہ بیگم زوجہ جاوید احمد میر نے ضلع میں ڈیپر فیکٹری کا قیام عمل میں لانے کی کارروائی شروع کی۔ اس دوران ایک شخص نثار احمد بٹ ولد غلام محمد ساکنہ ڈورہامہ کپوارہ نے اُسے یقین دلایا کہ اُسے ڈیپر فیکٹری کے قیام کیلئے تمام طرح کی مشینیں فراہم کرے گا اور اس سلسلے میں مذکورہ خاتون سے 28 لاکھ کی رقم حاصل کی۔ تاہم کئی ماہ تک ٹال مٹول کرنے کے بعد جب مذکورہ خاتون نے بلآخر اپنی رقومات واپس کرنے کا تقاضا کیا تو مذکورہ شخص نے اُسے 28 لاکھ روپے کی کئی چکیں فراہم کیں جو بینک برانچ سے ریلز نہیں ہوئی۔ مذکورہ خاتون نے میمو لگا کر چیف جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں 20 ستمبر 2022 کو کیس درج کیا۔ چار سال تک عدالت میں کیس کی شنوائی ہوتی رہی اس دوران عدالت نے دونوں کے مابین سمجھوتہ کرانے کی کوشش کی جو/9

## گوا کے نائٹ کلب میں آگ سے 25 لوگ ہلاک

### صدر جمہوریہ مرمو، وزیر اعظم مودی اور لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا اظہار دکھ

پنجی/ یو این آئی/ گوا کے شمالی علاقے کے اَرپورا گاؤں میں واقع ایک نائٹ کلب میں ہفتہ کی دیر رات آگ لگنے سے تقریباً 25 افراد ہلاک اور کئی زخمی ہو گئے۔ ابتدائی رپورٹس کے مطابق آگ نائٹ کلب کے باورچی خانے میں گیس سلنڈر پھٹنے سے لگی۔ ہلاک ہونے والوں میں زیادہ تر کلب کے ملازمین شامل ہیں۔ حادثے کے کچھ ہی دیر بعد وزیر اعلیٰ پرمود ساونت موقعِ واردات پر پہنچے اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے واقعے کی تحقیقات کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے اور وزیر اعظم ریلیف فنڈ سے ہر متوفی کے اہل خانہ کو دو لاکھ روپے اور زخمیوں کو پچاس ہزار روپے امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے گوا کے ارپورا میں پیش آئے ہولناک آتشزدگی کے واقعے پر اتوار کے روز گہرے رنج و غم ظاہر کیا۔ صدر مرمو نے سوشل میڈیا پر لکھا "شمالی گوا ضلع میں آگ لگنے کے افسوسناک واقعے سے انتہائی دکھ ہوا۔/5

## لال بازار سرینگر میں آگ

### فائر سروس کے آنے تک ایک مکان خاکستر

سرینگر/ یو این آئی/ سرینگر کے لال بازار علاقے میں اتوار کی علی الصبح آتشزدگی کے ایک واقعے میں رہائشی مکان خاکستر ہوا ہے۔۔ فائر اینڈ ایمرجنسی سروس اور پولیس کے مطابق واقعے کے فوراً بعد ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا، تاہم آگ کی شدت نے مکان کو بچنے نہیں دیا۔ فائر اینڈ ایمرجنسی سروس کے ایک سینئر عہدیدار نے بتایا کہ سکہ باغ، لال بازار میں بھڑک اُٹھی آگ کی اطلاع ملتے ہی عملہ جائے وقوعہ پر پہنچا جہاں آٹھ فائر ٹینڈرز نے آپریشن میں حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیموں نے کئی گھنٹوں کی کوشش کے بعد آگ پر قابو پا لیا، مگر تب تک ایک رہائشی مکان جل کر تباہ ہو چکا تھا۔

## خشک موسم، دھوئیں کے بڑھتے ذرائع اور ٹریفک کے غیر معمولی دباؤ سے وادی میں فضائی آلودگی

### ڈاکٹروں کے مطابق خراب ہوتی ہوئی ہوا کا اثر اسپتالوں کے ایمرجنسی اور او پی ڈی میں دکھائی دینے لگا ہے

سرینگر/ یو این آئی/ سردیوں کی آمد کے ساتھ جب وادی میں درجۂ حرارت مسلسل نیچے جا رہا ہے، فضائی آلودگی میں غیر معمولی اضافہ ایک نئے بحران کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ خشک موسم، دھوئیں کے بڑھتے ذرائع اور ٹریفک کے غیر معمولی دباؤ نے ہوا کے معیار کو اس حد تک متاثر کیا ہے کہ کئی علاقوں میں فضا دھند آلود اور سانس لینے میں دشوار محسوس ہو رہی ہے۔ وادی کے کئی حصوں میں گزشتہ ایک ہفتے سے فضا میں دھند اور مٹی کے باریک ذرات کی واضح تہہ دیکھی جا رہی ہے، جبکہ مختلف مقامات پر قائم فضائی معیار کی پیمائش کرنے والے اسٹیشنوں نے پی ایم 10 اور پی ایم 2.5 کی مقدار مسلسل حدِ سلامت سے تجاوز کرتی ہوئی ریکارڈ کی ہے۔ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق پی ایم 10 کی سطح 136 سے 243 مائیکروگرام فی کیوبک میٹر کے درمیان جبکہ پی ایم 2.5 کی سطح 86 سے 167 مائیکروگرام تک پہنچ گئی ہے، جو عالمی ادارۂ صحت کی مقرر کردہ محفوظ حد سے کئی گنا زیادہ ہے۔ ماہرین کے مطابق بارش کی غیر موجودگی نے آلودگی کو گرانے کے قدرتی عمل کو روک دیا ہے۔ اسی دوران ٹریفک جام، نجی گاڑیوں کا بڑھتا استعمال، کول بُخاریوں اور لکڑی کے چولہوں سے اٹھنے والا دھواں، اور تعمیراتی سرگرمیوں سے اٹھنے والی گرد نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق خراب ہوتی ہوئی ہوا کا اثر اسپتالوں کے ایمرجنسی اور او پی ڈی میں فوراً دکھائی دینے لگا ہے۔ ان کے مطابق گزشتہ چند ہفتوں میں کھانسی، سانس پھولنے، سینے میں جکڑن، آنکھوں میں جلن اور گلے کی خراش کی شکایات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جبکہ سی او پی ڈی اور دمہ کے مریضوں کی تعداد میں/8

## سرینگر میڈیکل شاپس کے سٹاک کی جانچ پڑتال اور ریکارڈ کا جائزہ

### خطرناک کیمیکل یا مشکوک سامان کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف

سرینگر/ یو این آئی/ سرینگر پولیس نے اتوار کو شہر کے مختلف علاقوں میں قائم میڈیکل دکانوں کا معائنہ کیا، جس کا بنیادی مقصد ادویات کی دستیابی اور فروخت کے عمل کو شفاف بنانا، حساس اداروں میں سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینا اور میڈیکل اسٹورز کے ممکنہ غلط استعمال کو پیشگی طور پر روکنا تھا۔ شہر میں حالیہ سکیورٹی صورتحال اور حساس اداروں کی نگرانی کے تناظر میں کی گئی اس کارروائی نے پولیس کی جانب سے صحت بخش ماحول اور محفوظ شہر کی حکمتِ عملی کو مزید نمایاں کر دیا۔ کارروائی کے دوران پولیس ٹیموں نے متعدد میڈیکل شاپس میں ادویات کے اسٹاک، میڈیکل آلات، رجسٹر، سیلز ریکارڈ، کیش بکس اور لائسنسنگ اسناد کی مکمل جانچ پڑتال کی۔ پولیس اہلکاروں نے دکانداروں کو تلقین کی کہ وہ اپنے ریکارڈ شفاف رکھیں اور ہر فروخت شدہ دوا کے متعلق لازمی اندراجات کو مکمل کریں، تاکہ کسی بھی غیر قانونی رجحان کی نشاندہی بروقت ممکن ہو سکے۔ پولیس کے مطابق یہ جانچ اس لیے ضروری قرار دی گئی ہے تاکہ میڈیکل شاپس کو ممنوعہ یا غیر قانونی ادویات، خطرناک کیمیکل یا مشکوک سامان کی ذخیرہ اندوزی کیلئے استعمال نہ کیا/6

# سپورٹس ٹائمز

## محمد صلاح کی کلب مینیجر آرنے سلوٹ پر سخت تنقید

# سعودی پرو لیگ متبادل ہو سکتا ہے




لیڈز 7، دسمبر (یواین آئی) لیورپول کے مصری اسٹار محمد صلاح نے کلب مینیجر آرنے سلوٹ پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اُنہیں "بس کے نیچے پھینک دیا گیا"، جس کے بعد ان کے اینفیلڈ کیریئر کے اختتام کی قیاس آرائیاں تیز ہو گئی ہیں۔ پریمیئر لیگ چیمپئن کی خراب فارم کے دوران صلاح کا یہ بیان اُن کے مستقبل پر بڑے سوالات کھڑے کر رہا ہے۔ 33 سالہ اسٹرائیکر کو ہفتے کے روز لیڈز یونائیٹڈ کے خلاف 3-3 سے ڈرا ہونے والے میچ میں مسلسل تیسرے میچ کے لیے بینچ پر بٹھایا گیا، اور حیران کن طور پر سلوٹ نے انہیں بطور متبادل بھی استعمال نہیں کیا۔ اگلے ہفتے برائٹن کے خلاف میچ کے بعد صلاح افریقا کپ آف نیشنز کے لیے روانہ ہو جائیں گے اور ان کا اشارہ واضح تھا کہ اگر انہیں موقع ملا تو شاید وہ اینفیلڈ میں آخری بار کھیلیں۔ صلاح نے مکسڈ زون میں گفتگو کرتے ہوئے کہا "میں بہت مایوس ہوں۔ میں نے اس کلب کے لیے بہت کچھ کیا، خاص طور پر گزشتہ سیزن میں۔ اب میں بینچ پر بیٹھا ہوں اور مجھے سمجھ نہیں آ رہی کیوں۔ ایسا لگتا ہے کہ کلب نے مجھے بس کے نیچے پھینک دیا ہے۔



## ایشیز سیریز: آسٹریلیا نے دوسرا ٹیسٹ بھی جیت لیا

آسٹریلیا نے برسبین کے گیبا میدان میں دوسرا ایشیز ٹیسٹ یکطرفہ انداز میں جیت کر سیریز میں 2-0 کی برتری حاصل کر لی۔ انگلینڈ کی جانب سے دیا گیا صرف 65 رنز کا ہدف میزبان ٹیم نے آٹھ وکٹوں کے نقصان پر با آسانی حاصل کر لیا۔ بین اسٹوکس اور وِل جیکس نے ساتویں وکٹ کے لیے 96 رنز جوڑ کر جدوجہد تو کی، مگر یہ کوشش بھی انگلینڈ کو ایک اور بڑی ہار سے نہ بچا سکی۔ انگلینڈ کی بیٹنگ ایک بار پھر کمزور ثابت ہوئی۔ مائیکل نیسر نے شاندار لائن اور درستگی کے ساتھ انگلینڈ کی باقی بیٹنگ کو بھی ڈھیر کر دیا، جبکہ اسٹیو اسمتھ نے سلپ میں غیر معمولی کیچ پکڑ کر جیکس کی مزاحمت کا خاتمہ کیا۔ انگلینڈ کی پوری ٹیم 241 رنز بنا کر صرف 65 رنز کی معمولی برتری حاصل کر پائی، جو آسٹریلیا کے لیے کسی چیلنج سے کم نہ تھی۔ چوتھی اننگز میں ٹریوس ہیڈ اور جیک ویدرالڈ نے تیز آغاز کر کے پہلا ٹیسٹ یاد دلا دیا جہاں دونوں نے جارحانہ انداز اپنایا تھا۔ اگرچہ اٹکنسن نے ہیڈ کو 22 رنز پر اور پھر مارنس لبوشین کو جلد آؤٹ کر کے کچھ امید دلائی، مگر آسٹریلیا کو روکنا ممکن نہ رہا۔ جب اسٹیو اسمتھ میدان میں آئے تو جوفرا آرچر کی تیز گیندیں اور لفظی جملوں نے ماحول کو مزید کشیدہ کر دیا۔ اسمتھ نے بھرپور جواب دیتے ہوئے دو چوکے اور دو بڑے چھکے لگائے، اور صرف نو گیندوں پر 23 ناٹ آؤٹ کی جارحانہ اننگ کھیل کر اپنی ٹیم کو شاندار انداز میں فتح سے ہمکنار کیا۔ اس سے قبل، صبح کے سیشن میں اسٹوکس اور جیکس نے انگلینڈ کو اننگز کی شکست سے بچانے کے لیے دفاعی انداز اختیار کیا اور دو گھنٹے ڈٹ کر کھیلتے رہے۔ دونوں نے سست مگر ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے خسارہ کم کیا، مگر دوسرا سیشن ان کے لیے تباہ کن ثابت ہوا۔ اسمتھ کے ایک ہاتھ سے لیے گئے کمال کے کیچ کے بعد انگلینڈ کی مزاحمت ٹوٹ گئی۔ نیسر نے تباہ کن بولنگ کے ساتھ پانچ وکٹیں حاصل کیں اور انگلینڈ کو پھر سے مشکلات میں دھکیل دیا۔ دو ٹیسٹ ہارنے کے بعد انگلینڈ کا حوصلہ شدید دباؤ میں ہے اور بیٹ بال حکمتِ عملی بھی بار بار ناکام ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اب بین اسٹوکس کی قیادت میں انگلینڈ کے پاس سیریز بچانے کا آخری موقع 17 دسمبر کو ایڈیلیڈ اوول میں ہونے والے تیسرے ٹیسٹ میں ہو گا۔ دوسری اننگ میں انگلش ٹیم کی جانب سے کپتان بین اسٹوکس 50 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے تھے جب کہ زیک کرولی 44 اور ول جیکس 41 رنز بنا کر دوسرے نمایاں بلے باز رہے۔ آسٹریلیا کی جانب سے سب سے کامیاب بولر مائیکل نیسر نے 5 وکٹیں حاصل کیں۔



## جیسوال ون ڈے فارمیٹ کے بیٹنگ طرز کو سمجھ جائیں تو اُن کے پاس بے شمار امکانات ہوں گے: گمبھیر

وِشاکھاپٹنم 07 دسمبر (یواین آئی) ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر نے تیسرے ایک روزہ میچ میں یشسوی جیسوال کی سنچری اننگز کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ جیسے ہی وہ ون ڈے فارمیٹ کی موزوں بیٹنگ طرز کو سمجھ جائیں گے، ان کے اندر موجود بے شمار صلاحیتیں پوری طرح ابھر کر سامنے آئیں گی۔ جیسوال اگرچہ ہندوستانی ٹیسٹ ٹیم کا مستقل حصہ ہیں، لیکن اب تک وہ صرف چار ون ڈے میچ ہی کھیل سکے ہیں۔ جنوبی افریقہ کے خلاف جاری سیریز میں انہیں یہ موقع کپتان شبھمن گل کے زخمی ہونے کے باعث ملا۔ ہندوستان کی نو وکٹ سے شاندار فتح کے بعد گمبھیر نے کہا، "ون ڈے کرکٹ میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ کھلاڑی جانتا ہو کہ وہ کس انداز میں بیٹنگ کرنا چاہتا ہے۔ آپ جب سرخ گیند کی کرکٹ سے سیدھے ایک روزہ میچ میں آتے ہیں تو کبھی کبھی ضرورت سے زیادہ جارحانہ کھیلنے لگتے ہیں، حالانکہ ون ڈے میں ہر وقت جارحانہ بیٹنگ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ آپ اپنی اننگز کو 30 اور 20 اوور کے حصّوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ اگر پہلے 30 اوورز آپ کلاسک ون ڈے طرز پر کھیلیں تو جیسوال جیسے بیٹسمین آسانی سے سنچری کے قریب پہنچ سکتے ہیں اور پھر آخری 20 اوورز ٹی-20 جیسی تیزی سے کھیل سکتے ہیں۔




## کوئنٹن ڈی کاک نے سنتھ جے سوریا کا 16 سالہ ریکارڈ برابر کر دیا




وشاکاپٹنم، 7 دسمبر (یو این آئی) جنوبی افریقہ کے تجربہ کار اوپنر کوئنٹن ڈی کاک نے ہفتے کے روز سری لنکا کے لیجنڈری بلے باز سنتھ جے سوریا کے ہندوستان کے خلاف ون ڈے میں سب سے زیادہ سنچریوں کا ریکارڈ برابر کر دیا۔ ڈی کاک جنہوں نے اس سال کے شروع میں اپنی ون ڈے ریٹائرمنٹ کو واپس لیا تھا، اس فارمیٹ میں اچھی فارم میں ہیں اور انہوں نے پاکستان کے خلاف 2 نصف سنچریوں اور ایک سنچری کے بعد ہندوستان کے خلاف سیریز شروع کی تھی۔ بائیں ہاتھ کے بلے باز نے تاہم ہندوستان کے خلاف جاری سیریز کا خراب آغاز کیا کیونکہ انہوں نے پہلے دو میچوں میں صفر اور آٹھ کے مایوس کن اسکور بنائے۔ اس کے بعد ڈی کاک نے ڈاکٹر وائی ایس میں سیریز کے فیصلہ کن میں ایک قابل ذکر تبدیلی کا آغاز کیا۔ راج شیکھر اریڈی کرکٹ سٹیڈیم میں انہوں نے 80 گیندوں پر سنچری بنائی جو ان کی مجموعی طور پر 23 ویں جبکہ فارمیٹ میں ہندوستان کے خلاف ان کی ساتویں سنچری تھی۔ اس کے نتیجے میں 32 سالہ کھلاڑی نے ہندوستان کے خلاف ون ڈے میں سب سے زیادہ سنچریاں بنانے کے جے سوریہ کے دیرینہ ریکارڈ کی برابری کی۔ سری لنکا کے شاندار بلے باز نے 76 اننگز میں 7 سنچریاں لگائیں جبکہ کوئنٹن ڈی کاک کو صرف 23 رنز درکار تھے۔ ہندوستان کے خلاف ون ڈے میں کسی کھلاڑی کی سب سے زیادہ سنچریاں سنتھ جے سوریہ (سری لنکا)- 7 کوئنٹن ڈی کاک (جنوبی افریقہ) - 7 اے بی ڈی ویلیئرز (جنوبی افریقہ) - 6 رکی پونٹنگ (آسٹریلیا)- 6 کمار سنگاکارا (سری لنکا)- 6

## انٹر میامی نے اپنا پہلا ایم ایل ایس خطاب جیت لیا

# میسی کے شاندار کیریئر کی 48 ویں ٹرافی



نیویارک، 7 دسمبر (یواین آئی) انٹرنیشنل فٹبال اسٹار لیونل میسی کی قیادت میں انٹر میامی نے تاریخ رقم کرتے ہوئے اپنا پہلا میجر لیگ ساکر (ایم ایل ایس) خطاب جیت لیا۔ ہفتے کی شب کھیلے گئے فائنل میں انہوں نے وینکوور وائٹ کیپس کو 1-3 سے مات دی۔ میچ کا آغاز انٹر میامی کے لیے مثالی ثابت ہوا۔ آٹھویں منٹ میں وینکوور کی دفاعی غلطی سے ہونے والے اون گول نے میامی کو 0-1 کی برتری دلا دی۔ دوسرے ہاف میں وینکوور نے بھرپور واپسی کی کوشش کی اور 60 ویں منٹ میں میچ برابر کر دیا۔ تاہم اس کے بعد مقابلہ مکمل طور پر انٹر میامی اور ان کے کپتان لیونل میسی کے کنٹرول میں چلا گیا۔ میسی نے کپتانی کے ساتھ بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو فیصلہ کن پاس دیے۔ پہلا 72 ویں منٹ میں روڈریگو ڈی پؤل کے گول پر، دوسرا 90+6 منٹ میں الینڈی کے اسٹاپج ٹائم گول پر، دونوں مواقع نے میچ کا رخ یکسر بدل دیا۔ عمدہ کارکردگی کے اعتراف میں میسی کو 'موئسٹ ویلیوایبل پلیئر' منتخب کیا گیا۔ یہ میسی کے شاندار کیریئر کی 48 ویں ٹرافی ہے۔ وہ اب تک ارجنٹینا کے ساتھ 6، بارسلونا کے ساتھ 35، پی ایس جی کے ساتھ 3 اور اب انٹر میامی کے ساتھ 4 خطابات اپنے نام کر چکے ہیں۔ انٹر میامی کے شریک مالک ڈیوڈ بیکھم ٹیم کی فتح کے بعد میدان میں خوشی کا اظہار کرتے نظر آئے۔ انہوں نے وینکوور کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ برابر کرنے کے بعد وہ کھیل پر حاوی ہونے لگے تھے۔

## روسی ٹینس کھلاڑی اناستاسیا پوٹاپووا نے اپنی شہریت بدل لی

# 2026 سے آسٹریا کی نمائندگی کریں گی



ماسکو، 7 دسمبر (یواین آئی) روسی ٹینس اسٹار اناستاسیا پوٹاپووا نے اپنی قومی وابستگی تبدیل کرتے ہوئے آسٹریا کی شہریت اختیار کر لی ہے جس کے بعد وہ اب اپنے پیشہ ورانہ کیریئر میں آسٹریا کی نمائندگی کریں گی۔ اناستاسیا پوٹاپووا کی شہریت کی درخواست آسٹریائی حکومت نے باقاعدہ طور پر منظور کر لی ہے۔ 24 سالہ اناستاسیا پوٹاپووا 2018 اور 2019 میں روس کی جانب سے بلی جین کنگ کپ میں حصہ لے چکی ہیں، روس پر عالمی مقابلوں میں عائد پابندی کے باعث ٹیم ایونٹس میں شرکت نہیں کر پا رہی تھیں، اب وہ آئندہ سال سے آسٹریا کے لیے کھیلنے کی اہل ہوں گی۔ انسٹاگرام پر اپنے پیغام میں اناستاسیا پوٹاپووا نے لکھا کہ میری شہریت کی درخواست قبول کر لی گئی ہے جس پر میں بے حد خوش ہوں۔ آسٹریا ایک ایسی جگہ ہے جس سے مجھے محبت ہے، جہاں میں خود کو بالکل گھر جیسا محسوس کرتی ہوں۔ میں ویانا میں رہنا پسند کرتی ہوں اور اپنے دوسرے گھر کی تعمیر کے لیے پُرجوش ہوں۔ انہوں نے کہا کہ 2026 سے وہ باضابطہ طور پر آسٹریا کی نمائندگی کریں گی۔ اناستاسیا پوٹاپووا عالمی رینکنگ میں 51 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ اناستاسیا پوٹاپووا اپنے ملک کی تبدیلی کے بعد آسٹریا کی نئی نمبر ون کھلاڑی بن جائیں گی جبکہ جولیا گرابھر اس وقت 94 ویں نمبر پر ہیں۔

## ایشوریا تومر نے ورلڈ کپ فائنل کی تھری پوزیشن میں چاندی کا تمغہ جیتا



نئی دہلی، 07 دسمبر (یو این آئی) ہندوستان کے ممتاز نشانے باز ایشوریا پرتاپ سنگھ تومر نے اتوار کو دوحہ میں منعقدہ آئی ایس ایس ایف ورلڈ کپ فائنل میں 50 میٹر تھری پوزیشن ایونٹ میں شاندار کارکردگی پیش کرتے ہوئے (چاندی) کا تمغہ اپنے نام کیا۔ لوسیل شوٹنگ کمپلیکس میں کھیلے گئے اس 40 شاٹس پر مشتمل نئے آئی ایس ایس ایف فارمیٹ کے فائنل میں چیکیہ کے جیری پریوراتسکی نے 414.2 پوائنٹس کے ساتھ سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ تومر محض 0.9 پوائنٹس کے فرق سے دوسرے نمبر پر رہے۔ چین کے اولمپک چیمپئن لیو یُوکُن نے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ تومر نے کوالیفکیشن مرحلے میں 595 کا مضبوط اسکور بنا کر دوسرا مقام حاصل کیا، ان سے آگے صرف چین کے تیان جیامینگ رہے جنہوں نے 598 کے عالمی ریکارڈ کے ساتھ سبقت لی۔ فائنل کے آغاز میں تومر نیلنگ پوزیشن کے ابتدائی 10 شاٹس کے بعد 102.8 پوائنٹس کے ساتھ چوتھے نمبر پر تھے۔ پران پوزیشن میں انہوں نے شاندار واپسی کرتے ہوئے 52.9 اور 52 کی دو مضبوط سیریز کھیل کر مجموعی اسکور میں دوسرا مقام حاصل کر لیا، جبکہ پریوراتسکی اس مرحلے پر 3.3 پوائنٹس سے آگے تھے۔ ایشوریا نے 10.1 اور پھر 10.6 اسکور کیا، مگر چیک پلیئر کے 10.3 اور فیصلہ کن اعلیٰ اسکور نے سونے کا تمغہ ان کے نام کر دیا۔ یہ اس سال پریوراتسکی کا تیسرا آئی ایس ایس ایف گولڈ ہے۔ ہندوستان کی کارکردگی اور دیگر نتائج نے سال کے ابتدائی نصف میں خالی ہاتھ رہنے کے بعد سلور کے ساتھ سال کا شاندار اختتام کیا۔ یہ دوحہ میں ہندوستان کا چوتھا تمغہ ہے۔ خواتین کے مقابلوں میں کور سامرا (50m تھری پوزیشن) 584 پوائنٹس کے ساتھ 10 ویں نمبر پر رہیں۔ منو بھاکر (25m پسٹل) 581 پوائنٹس کے ساتھ اپنے گروپ میں 9 ویں مقام پر رہیں اور کوالیفکیشن سے آگے نہ بڑھ سکیں۔

## منی پور نے 12 ویں بار ڈاکٹر تالیمیرین اے او جونیئر گرلز این ایف سی کا خطاب جیتا



اننت پور (آندھرا پردیش)، 07 دسمبر (یواین آئی) فٹ بال کی دنیا میں ایک بڑا کارنامہ انجام دیتے ہوئے، منی پور نے اتوار کے روز بنگال کو 0-9 کے بڑے فرق سے شکست دے کر اپنا 12 واں ڈاکٹر تالیمیرین اے او جونیئر گرلز نیشنل فٹ بال چیمپئن شپ ٹیر 1 کا خطاب جیت لیا۔ اس شاندار فتح کے ساتھ، منی پور نے چیمپئن شپ میں لگاتار تیسری بار جیت حاصل کرتے ہوئے خطابات کی ہیٹ ٹرک بھی مکمل کی۔ یہ فائنل مقابلہ آج اننت پور کے آر ڈی ٹی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ منی پور کی کھلاڑیوں نے شروع سے ہی بنگال پر دباؤ بنائے رکھا اور ایک یکطرفہ مقابلے میں نو گول داغے۔ چنگکھامیم ریڈیما دیوی نے (8 ویں،






# فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل، کے خصوصی ایڈیشن میں پرائیویٹ سیکیورٹی گارڈز کی بھی شمولیت

نئی دہلی / وارانسی، 07 دسمبر (یو این آئی) فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل کے 52ویں ایڈیشن کا مرکزی پروگرام آج صبح ثقافتی طور پر مالا مال شہر وارانسی میں منعقد ہوا، جہاں ہندوستان کو کامن ویلتھ گیمز 2030 کی میزبانی کا اعزاز ملنے کی تاریخی کامیابی کو فٹنس، ثقافت اور قومی فخر کے حسین امتزاج کے ساتھ منایا گیا۔ اس خصوصی ایڈیشن میں پرائیویٹ سیکیورٹی گارڈز کو اعزازی طور پر شامل کیا گیا۔ مرکزی کھیل وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ کی قیادت میں یہ مہم اب اپنے پہلے سالگرہ ایڈیشن میں داخل ہو رہی ہے، جو 21 دسمبر کو پڈوچیری میں منعقد ہو گا۔ ڈاکٹر مانڈویہ نے کہا "صرف ایک سال میں فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل کا انعقاد 10 ہزار سے زیادہ مقامات پر ہو رہا ہے، جس سے ہر ہفتے ایک لاکھ سے زائد لوگ جڑ رہے ہیں۔ آتھلیٹس، فنکاروں، اداکاروں سے لے کر عام شہریوں تک ہر کوئی اس تحریک کا حصہ بن چکا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا آج بنارس ہندو یونیورسٹی (بی ایچ یو) میں یہ میگا ایونٹ اس عظیم کامیابی کا بھی جشن ہے کہ ہندوستان 2030 کامن ویلتھ گیمز کی میزبانی کے لیے منتخب ہوا ہے۔ پہلی بار موسیقی اور ثقافت کی معروف شخصیات آج وارانسی میں ہمارے ساتھ شامل ہوئی ہیں۔ سوسائٹی کی حفاظت میں شب و روز مصروف پرائیویٹ سیکیورٹی گارڈ بھی ہمارے خاص شراکت دار ہیں، جو آتھلیٹس کے ساتھ مل کر ملک کی کھیل ثقافت کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ بی ایچ یو میں آج صبح کا پروگرام کاشی کی گلیوں میں صحت، ہم آہنگی اور ہندوستان کی بڑھتی ہوئی کھیل شناخت کا ایک پرجوش جشن بن گیا۔ شہروں کے لوگ، ایتھلیٹ، ثقافتی شخصیات، پرائیویٹ سیکیورٹی اہلکار اور طلبہ بڑی تعداد میں یہاں جمع ہوئے، جس سے مجموعی شرکت 1000 تک پہنچ گئی۔ سائیکلنگ کے ساتھ ساتھ زومبا، یوگا اور رسی کود جیسی سرگرمیاں بھی منعقد کی گئیں۔



## جنوبی افریقہ ٹی 20 ورلڈ کپ اپنے نام کر سکتا ہے / جیک کیلس



دبئی، 7 دسمبر (یو این آئی) آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کا آغاز 7 فروری سے ہو رہا ہے جو سری لنکا اور ہندوستان میں کھیلا جائے گا۔ اس میگا ایونٹ کے حوالے جنوبی افریقہ کے سابق آلراؤنڈر جیک کیلس نے اپنی ٹیم کے حوالے سے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ اس مرتبہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی ٹرافی جنوبی افریقہ اپنے نام کرے گا۔ جیک کیلیس نے اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ مجھے نہیں لگتا کہ ہماری ٹیم کو اس مختصر فارمیٹ میں مشکل ہو گی کیونکہ ہم پہلے ہی اپنا سو فیصد دے رہے ہیں اور ہمارے پاس پہلی مرتبہ ٹرافی جیتنے کا یہ بہترین موقع ہے۔ مورکو جانسن کے حوالے سے جیک کیلس نے کہا کہ ان کا یہ سال شاندار گزرا ہے، انہوں نے بیٹنگ اور بولنگ دونوں شعبوں میں اچھی کارکردگی دکھائی ہے۔ علم میں رہے کہ جنوبی افریقہ کو آئندہ ورلڈ کپ میں گروپ ڈی میں رکھا گیا ہے جس میں اس کا مقابلہ کناڈا، افغانستان، نیوزی لینڈ اور متحدہ عرب امارات سے ہو گا اور پروٹیز اپنی مہم کا آغاز 9 فروری کو احمد آباد میں کناڈا کے خلاف کریں گے۔

## ہم دباؤ کا مقابلہ نہیں کر پائے: بین اسٹوکس



برسبین، 07 دسمبر (یو این آئی) انگلینڈ کے کپتان بین اسٹوکس نے ایشیز سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میں آسٹریلیا کے ہاتھوں آٹھ وکٹ سے ملی شکست کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ٹیم "دباؤ کا سامنا نہیں کر پائی"۔ تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ انگلینڈ کمزور نہیں ہے اور واپسی کے لیے ضروری ہوا تو "اضافی جوش اور عزم" دکھانا ہو گا۔ دوسرے ٹیسٹ میں انگلینڈ کے کئی اہم مواقع ضائع ہوئے، جس کے بعد اسٹوکس نے صاف لفظوں میں کہا کہ ٹیم کو سیریز میں باقی رہنے کے لیے مزید جدوجہد کرنی ہو گی۔ میچ کے بعد اسٹوکس نے کہا "ہم اس میچ میں دباؤ کا مقابلہ نہیں کر پائے۔ بعض مرحلے ایسے آئے جہاں ہم کھیل کو قابو میں لا سکتے تھے، لیکن ہم نے مواقع ہاتھ سے جانے دیے۔ انہوں نے کہا کہ لائٹس کے نیچے پنک بال کے ساتھ فیلڈنگ میں کی گئی غلطیوں نے ٹیم کی واپسی کی کوششوں کو شدید نقصان پہنچایا۔ کیچ ڈراپ ہونے اور مواقع گنوانے کے باعث آسٹریلیا نے تیسرے دن اسکور 500 سے زائد تک پہنچا دیا۔ اسٹوکس کا کہنا تھا "یہ بہت مایوس کن ہے۔ ہمیں ان لمحوں پر ذہنی طور پر بہتر سوچ کی ضرورت ہے اور جہاں ضروری ہو وہاں جوش اور جارحیت دکھانی ہو گی۔ ہمارے ڈریسنگ روم میں موجود کھلاڑی بہت قابل ہیں۔

## اینیکھا دیوی کو خواتین بلائنڈ ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھارت کی فتح پر جموں و کشمیر فخر سے سرشار

## وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے اینیکھا دیوی کی شاندار کارکردگی کو سراہا گیا





سرینگر: نیوز ڈیسک: وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے کٹھوعہ کی باصلاحیت کھلاڑی اینیکھا دیوی کو پہلی خواتین بلائنڈ ٹی 20 ورلڈ کپ میں شاندار کارکردگی اور بھارت کی چیمپئن شپ جیتنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ اینیکھا دیوی کی محنت، لگن اور کھیل کے میدان میں غیر معمولی کارکردگی نے نہ صرف ضلع کٹھوعہ بلکہ پورے جموں و کشمیر اور ملک کا نام روشن کیا ہے۔ اینیکھا دیوی کی کامیابی عزم و حوصلے کی روشن مثال ہے اور یہ ثابت کرتی ہے کہ کھیل کی قوت ہر رکاوٹ کو عبور کر سکتی ہے۔ ان کی شاندار کارکردگی جموں و کشمیر کے لوگوں کی ہمت، ثابت قدمی اور عزم کی ترجمان ہے، جو خطے کی نوجوان کھلاڑیوں اور خاص طور پر لڑکیوں کے لیے نئی امید اور نئی راہیں کھولتی ہے۔ جموں و کشمیر کی حکومت نے اینیکھا دیوی کی اس بڑی کامیابی کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں نوجوانوں، بالخصوص معذور افراد میں کھیل کو فروغ دینے کے لیے رول ماڈل قرار دیا ہے۔ حکومت نے اس عزم کا بھی اظہار کیا ہے کہ خواتین کھلاڑیوں اور خصوصی صلاحیت رکھنے والے نوجوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی اور معاونت جاری رکھی جائے گی، تاکہ مزید باصلاحیت کھلاڑی اپنے خوابوں کو حقیقت بنا سکیں اور اپنا وطن کا نام روشن کریں۔ وزیرِ اعلیٰ نے جموں و کشمیر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اینیکھا دیوی کی اس تاریخی کامیابی کی خوشی میں شریک ہوں اور دعا کی کہ مستقبل میں بھی خطے کے نوجوان ایسی مزید فتوحات حاصل کرتے رہیں۔

## میگھالیہ کی تین کھلاڑی انڈر 17- خواتین کی قومی فٹبال ٹیم کے ٹرائل میں شامل



شیلانگ، 07 دسمبر (یو این آئی) میگھالیہ کی تین باصلاحیت نوجوان فٹبالرز ایلاد کی کسو، اباشیمبا خونگسِت اور عبادریہُن نونگسیج کو انڈر-17 خواتین کی قومی فٹبال ٹیم کے ٹرائلز کے لیے مدعو کیا گیا ہے، جو بنگلورو میں منعقد ہوں گے۔ کھلاڑیوں کا انتخاب حال ہی میں ختم ہونے والی میگھالیہ ویمنز اسٹیٹ لیگ میں ان کی متاثر کن کارکردگی کی بنیاد پر کیا گیا۔ ایلاد کی اور عبادریہن نے لینکور ایف سی کی نمائندگی کی، جبکہ اباشیمبلا اولم ترِسادی کی جانب سے کھیلتی تھیں۔ میگھالیہ فٹبال ایسوسی ایشن کے صدر ہیم لینٹسن ڈوہلنگ نے کھلاڑیوں کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا: "یہ ان کے عزم، محنت اور ہماری ریاست میں خواتین فٹبال کی بڑھتی ہوئی قوت کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان کھلاڑیوں کو آگے بڑھتے اور بڑے پلیٹ فارمز تک رسائی حاصل کرتے دیکھنا بے حد حوصلہ افزا ہے۔ ڈوہلنگ نے تینوں کھلاڑیوں کو مشورہ دیا کہ وہ ٹرائلز میں اعتماد، عاجزی اور سیکھنے کی نیت کے ساتھ شریک ہوں۔


# Khyber Medical Institute

KHYBER
"Competence with Compassion"

*A Super Specialty Hospital*
Khayam Chowk Nowpora Srinagar-Kashmir
E-Mail: khybermedical@gmail.com
**NABH ACCREDIATED**



**Dr. LOPAMUDRA JAYANT**
MBBS, MS, DNB (Surgical Oncology) Apollo Hospital
Consultant Surgical, Oncologist
REG NO : 23084

*Specialization /Management in:*
- Breast Surgery
- Gynae-Oncology
- G.I Surgery
- Head & Neck Surgical Oncology
- Endocrine Cancer
- Urological Malignancies.

Women's Oncology Specialist

Available all days except Sunday



**Dr. ZAMIR AHMAD SHAH**
MBBS, MS, Fellowship (Colorectal Surgury)
Laproscopic Colorectal Onco-Surgury
REG NO : 1898

*Specialization /Expertise in:*
- Colon, Rectal & Anal Cancer
- Inflammatory Bowel Disease(IBD)ulcerative colitis
- Benign Anorectal Conditions:
  Hemorrhoids | Anal Fissure | Anal Fistula | Pilonidal Cysts/Sinus
- Functional Bowel Disorders:
  Fecal Incontinence | Large Bowel Obstruction | Rectal Prolapse | Obstructed Defecation syndrome
- Expertise in Minimally Invasive Surgeries including:
  Laparoscopic Colectomy | Rectal Resection | Anastomosis | Ostomy creation | Stoma Closure

Available all days except Sunday



**Dr. MANZOOR BANDAY**
MBBS, MD, FUICC (Fellowship in medical oncology)
Consultant Medical Oncologist

*Specialization in:*
- Chemotherapy
- Targeted Therapy
- Immunotherapy

*Supported by:*
- ICU (Intensive Care Unit):which provides specialized care for critically ill cancer patients, addressing complications arising from their disease or treatment
- Medical Oncology unit with ICU support and its aspects.

Available on Mon, Wed & Thursday

*For further information/appointment contact:*
**6006613403, 6006613404, 0194-2455130, 2455119, 2485119**


Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781
E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781